منصوبہ تحقیق

مقالہ ہذا میں پاکستان میں تحریک حقوق نسواں کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔ مقالہ تین ابواب اور ذیلی فصول پر مشتمل ہے۔

باب اول میں پاکستان میں حقوق نسواں کا ابتدائی دور بیان کیا گیا ہے۔ اس باب کے تحت تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ پہلی فصل میں تحریک حقوق نسواں کا تاریخی پس منظر بتایا جائے گا۔ فصل دوم میں تحریک قیام پاکستان میں خواتین کا حصہ کیا تھا اور تیسری فصل میں پاکستان میں حقوق نسواں کی تنظیمیں اور ان کے کام پر بحث کی گئی ہے۔

باب دوم پاکستان میں تحریک حقوق نسواں کا مختلف جمہوری و آمرانہ ادوار میں تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ اس باب میں چھ فصول ہیں۔ پہلی فصل میں صدر ایوب کا دور آمریت بتایا گیا ہے۔ دوسری فصل میں وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے جمہوری عہد کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ جبکہ تیسرے دور میں جنرل محمد ضیاء الحق اور چوتھے دور میں محترمہ بے نظیر بھٹو، اور پھر جنرل پرویز مشرف کا دور پانچویں فصل کے تحت آیا ہے۔ چھٹی اور آخری فصل میں نواز شریف صاحب کے دور سے لے کر موجودہ صورتحال تک بات کی گئی ہے۔

باب سوم میں حقوق نسواں کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔ اس باب میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ پہلی فصل میں ظہور قدسی سے پہلے عورت کی حیثیت بیان کی گئی ہے۔ دوسری فصل میں حقوق نسواں قرآن مجید کی روشنی میں بیان کی گئی ہیں۔ تیسری فصل میں فرمودات نبوی ﷺ اور اقوال صحابہ کی روشنی خواتین کے حقوق بیان کیے گئے ہیں۔

صفحہ پر حواشی و تعلیقات وغیرہ کا مروجہ طریقہ تحقیق کے مطابق اہتمام کیا گیا ہے۔

مقالے کی تیاری میں جی سی یونیورسٹی لاہور کے اصول تحقیق کے قوائد و ضوابط کو مد نظر رکھا گیا ہے اور تمام تعصبات سے بالاتر ہو کر غیر جانبدارانہ تحقیق پیش کی گئی ہے۔